نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی فصل کی بہتر دیکھ بھال کیلئے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور:**18 مئی 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ کاشتکار کپاس کی موسمی کاشت جاری رکھیں اور محکمہ زراعت پنجاب کی سفارش کردہ بی ٹی اور نان بی ٹی اقسام کاشت کریں۔ کپاس کے کاشتکار موسمی صورتحال اور زمین کی قسم کو مدِ نظر رکھتے ہوئے 7 تا10 دن بعد آبپاشی کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کپاس کے ابتدائی مراحل میں جڑی بوٹیاں 10 تا42 فیصد تک نقصان کا باعث بنتی ہیں۔ لہذٰا جب تمام جڑی بوٹیاں اُگ آئیں تو فصل کے اُگاؤ کے بعد ترجیحاً 25 تا30 دن کے درمیان گلائیفوسیٹ بحساب 1500 تا1800 ملی لیٹر 100 لیٹر پانی میں ملا کر سپرے کریں۔ ٹرپل جین اقسام پر بغیر شیلڈ گلائیفوسیٹ سپرے کی جا سکتی ہے تاہم اگر فصل 60 تا70 دن کی فصل کرنا مقصود ہو تو یہ سپرے محکمہ زراعت کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے ٹی جیٹ نوزل سے شیلڈ لگا کر کریں۔

☆☆☆☆